## مستقل ڈاکٹر کیا ہے ؟

ایک مستقل ڈاکٹر ایک ایسا عام ڈاکٹر allmennpraktiserende ہے جس نے بلدیہ کے ساتھ مستقل ڈاکٹر کے نظام کا حصہ بننے پر رضامندی کا اظہار کیا ہے۔

## یہ نظام کس کے لیے ہے ؟

وہ تمام لوگ جو مردم شماری کے رجسٹر Folkeregister میں درج ہیں اس سہولت سے استفادہ کر سکیں گے۔ وہ تمام لوگ جو 1985 سے پہلے پیدا ہوئے ہیں انہیں ڈاک کے ذریعے اطلاع دی جائے گی کہ وہ ایک مستقل ڈاکٹر کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

## کیا ایسے ڈاکٹر کے پاس جانا پہلے کی نسبت مہنگا ہو گا ؟

جی نہیں، ڈاکٹر کی فیس اتنی ہی ہو گی جتنی پہلے تھی۔

## کیا ڈاکٹر کے پاس وقت لینے کی مدت میں کمی واقع ہو گی ؟

اس نظام کے آغاز کا ایک بڑا مقصد یہ ہے کہ لوگوں کو ڈاکٹر سے وقت لینے میں آسانی پیدا ہو۔ ایک خاص ڈاکٹر یا ڈاکٹروں کے ایک گروپ کو آپ کی خصوصی ذمہ داری سونپی جائے گی۔ اس نظام کو چار بلدیات میں آزمایا گیا ہے اور وہاں انتظار کی مدت میں کمی واقع ہوئی ہے۔

## میں مستقل ڈاکٹر کا انتخاب کیونکر کر سکتا / سکتی ہوں ؟

اس بروشر کے ساتھ آپ کو ایک جوابی فارم، آپ کے علاقے میں مستقل ڈاکٹروں کی ایک فہر (legeoversikten)، ایک امدادی تحریر اور ایک جوابی لفافہ بھیجا جا رہا ہے۔ اس امدادی تحریر میں درج ہے کہ آپ ایک مستقل ڈاکٹر کے انتخاب کس طرح کر سکتے / سکتی ہیں۔ آپ ساتھ رکھا ہوا جوابی فارم، ٹیلیفون یا انٹرنیٹ استعمال کر سکتے / سکتی ہیں۔